© rasailojaraid.com

اس ترجمہ اور حواشی سے فائدہ اٹھا کر فاضل مترجم کی محنت و مشقت اور ان کے جذبۂ شوق کی داد دیں گے۔

تفہیم المسلم | جزو اوّل ، مرتبہ : ہلال صاحب عثمانی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۱۸ صفحات ۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت ۳/۵۰۔

پتہ :۔ دار المعارف ، دیوبند ضلع سہارن پور۔

کتب حدیث میں مسلم کا جو مرتبہ ہے محتاجِ بیان نہیں۔ بخاری اور مسلم دونوں کو ملا کر ہی صحیحین بولتے ہیں۔ اس اہمیت کے باعث ہر دور میں علماء نے اس کتاب کی کبھی شرح لکھ کر، کبھی اس کا اختصار کر کے اور کبھی اس پر تخریج کر کے، مختلف صورتوں میں اس کی خدمت کی ہے۔ اردو میں بھی اس کا ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ لیکن زیرِ تبصرہ کتاب اردو میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے۔ نوجوان لائق مرتب مولوی فضل الرحمٰن ہلال جو دیوبند کے عثمانی خانوادۂ علم و فضل کے چشم و چراغ ہیں اور اس بنا پر ذوقِ مطالعہ و تالیف ان کا خاندانی ورثہ ہے۔ انھوں نے صحیح مسلم کی شرح اس انداز میں لکھنے کا منصوبہ بنایا ہے کہ کتاب کے درس یا اس کی شرح کی تالیف کے سلسلہ میں متعدد اکابر علماء و اساتذہ دیوبند نے جو کچھ فرمایا یا لکھا ہے اس سب کو اپنی سلیس اور شگفتہ زبان میں یکجا کر دیا ہے اور اس طرح یہ کتاب ایک نہیں متعدد شروح کا مجموعہ اور اس بنا پر اس کی افادیت بھی دوچند بلکہ سہ چند ہو گئی ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی کڑی ہے جو امام مسلمؒ کے حالات، مختصراً اصولِ حدیث، کتب حدیث میں صحیح مسلم کا مقام اور پھر صحیح مسلم کے مقدمہ اور کتاب الایمان پر مشتمل ہے۔ اگر یہ سلسلہ مکمل ہو گیا تو اس میں شبہ نہیں کہ اردو میں حدیث کی بڑی اہم خدمت ہو گی جس سے عام اردو داں حضرات کے علاوہ مدارس عربیہ کے اساتذہ اور طلباء بھی

© rasailojaraid.com